پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۱۰ دسمبر ۱۹۸۳

۵ ربیع الاول ۱۴۰۴

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۲

شمارہ نمبر ۱۸

رحمۃ للعالمین

قائدِ اعظم محمد علی جناح

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سب سے بڑے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ الصلوٰۃ تھے۔ بائبل اور توریت کے بیان کے مطابق ...

عہدِ جاہلیت

ولادت قدسی

طلوعِ اسلام

اصحابِ فیل کا واقعہ



الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل ۔ الم یجعل کیدھم فی تضلیل وارسل علیھم طیرًا ابابیل ترمیھم بحجارۃ من سجیل فجعلھم کعصف مأکول۔

صحرائی تربیت

حضرت خدیجہ

صلح و امن کا داعی

سیرت اور اخلاق کا معجزہ

اولاد

انقلابِ عظیم

انتخابات غیر سیاسی ہو ہی نہیں سکتے۔ الیکشن کمیشن کو جماعتی، غیر جماعتی یا متناسب نمائندگی کی بنیاد پر انتخابات کے مضمرات کا جائزہ لینے کا کام سونپ دیا گیا

سیاسی جماعتوں سے مذاکرات نہیں تبادلہ خیال ہو رہا ہے: ضیاء

زرعی اصلاحات سے بچنے والے زمینداروں کے خلاف کارروائی ہو گی

بھارت کو اپنے داخلی مسائل پاکستان کی قیمت پر حل نہیں کرنے چاہئیں

سرحدوں پر فوج کا اجتماع کوئی غیر معمولی بات نہیں، اخبار نویسوں سے بات چیت

[illegible]

اسلام اور مارشل لا میں دور کا بھی رشتہ نہیں: پروفیسر غفور

[illegible]

پانی سر سے اونچا ہو چکا ہے، حکومت ہوش کے ناخن لے

حکومت نے ملک کو ٹکڑوں میں بانٹ رکھا ہے۔ اسلام سر پرستی نہیں اطاعت چاہتا ہے

[illegible]

Your Canadian Armed Forces

کینیڈین قوم کبھی بھی جارحانہ عزائم کی حامل نہیں رہی۔

تاہم فرض کی پکار پر کینیڈین افواج کے رضاکار مرد و زن ذاتی اغراض سے ماورا ہو کر مقصد کے حصول کے لئے ہمیشہ خود کو وقف کر دیتے ہیں۔

موجودہ افواج کو ماضی کے تجربات اور روایات کی روشنی میں مستقبل کے تقاضوں اور ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کیلئے تیار کیا جا رہا ہے۔

افواج کینیڈا کے فرائض میں ارض کینیڈا کی نگہداشت و حفاظت کے علاوہ معاہدہ NORAD کے مطابق براعظم شمالی امریکہ کے دفاع، معاہدہ NATO کے تقاضوں کی ادائیگی اور بین الاقوامی امن کے تحفظات کا کردار ادا کرنا ہے۔

اپنے خالص سپاہیانہ کردار کے ساتھ ساتھ افواج کینیڈا زمانۂ امن میں قدرتی آفات مثلاً سیلاب، جنگلوں کی آگ، تیل کے پھیلاؤ سے ہونے والے نقصانات اور تحقیقات اور امدادی اقدامات بھی کرتی ہیں۔

ہم سڑکوں اور پلوں کی تعمیر اور ان کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں۔ ہم کینیڈا کی ترقی میں اپنے اہم کردار کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ہم ساٹھ سے زیادہ عمومی شعبوں اور بیس سے زیادہ خصوصی شعبوں میں مہارت کے لئے ٹریننگ دیتے ہیں۔

اعلیٰ کارکردگی کے نتیجہ میں یونیورسٹی کی تعلیم بھی مہیا کی جاتی ہے

افواج کینیڈا میں نوجوانوں کے شاندار مستقبل کیلئے مزید معلومات کے لئے اپنے قریبی بھرتی کے دفاتر سے رابطہ قائم کیجئے یا ٹیلیفون ڈائرکٹری کے پیلے رنگ کے صفحات میں بھرتی کے کالم سے ہمارا فون نمبر لے کر مفت فون کیجئے۔

THE CANADIAN ARMED FORCES
LES FORCES ARMÉES CANADIENNES

Canadä

بھارت کو اسلحہ فراہم کرنے میں روس اب بھی سرفہرست ہے

[illegible]

پنجاب میں سرگرم سکھوں کی تحریک کا رد عمل ... بھارت اور پاکستان کے خصوصی اداروں کے کنٹرول ... انہیں ... ماسکو کی شر انگیزی

ماسکو ——— [illegible]

ایٹم بم ... سپرد خاک کر دیئے گئے

لاہور ——— [illegible]

پوسٹر کس کا ہے؟

جکارتہ ——— [illegible]

اب جوش کی نہیں ہوش کی تحریک اٹھے گی جو کسی سے دبائی نہ جا سکے گی۔ پیر پگارا

موجودہ دور کا خاتمہ ۹۰ء میں ہو سکتا ہے۔ انتخابات جماعتی بنیاد پر ہوئے تو مسلم لیگ کو منظم کرنے کیلئے چھ سات ماہ لگیں گے۔ پروفیسر غفور کے عشائیہ میں اخباری نمائندوں سے غیر رسمی گفتگو

جماعت اسلامی اور مسلم لیگ کا تعاون عام انتخابات تک جاری رہے گا

پیپلز پارٹی چاہتی ہے کہ ایک جنرل جائے دوسرا آئے۔ یہ ہمارا ادرسہ نہیں

ایم آر ڈی کا کوئی مستقبل نہیں۔ یہ بدنظمی کی پیداوار ہے۔ اسی کی تحریک بدنظمی میں ختم ہوئی

انجمن تحفظ حقوق انسانی کی طرف سے ایوارڈ کا اعلان

گولڈ میڈل نواب زادہ نصر اللہ کو دینے کا فیصلہ

لاہور میں تھانہ پر مسلح افراد کا حملہ ایک محرر ہلاک کانسٹیبل زخمی

حملہ آور دہشت گرد تھے۔ اسٹین گن سے گولیاں برسا کر فرار ہو گئے



منشیات کے خلاف ناظم آباد میں اپنوا خواتین اور بچوں نے جلوس نکالا۔ اس موقع پر ناظم آباد مین روڈ پر جلوس کے شرکاء بینر اٹھائے مارچ کر رہے ہیں

منشیات فروشوں کے خلاف عورتوں اور بچوں کا جلوس

کراچی میں منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی مہم ۳ ملزم گرفتار

سفورا کو نظربند کر دیا گیا۔ عوام سے منشیات کے اڈوں کی نشاندہی کرنے کی اپیل

منشیات فروشوں کو سزائے موت دیجائے افغانی

میں شہر کی خدمت کرتا رہوں گا!

منصورہ میں میئر کراچی کا استقبال

سی آئی اے اسٹاف کے سب انسپکٹر کو پھانسی کی سزا دے دی گئی

غلام رسول نے اپنے دو ساتھیوں کی مدد سے بلال وٹو کو اذیت دے کر ہلاک کر دیا تھا

دوسرے دو مجرموں کو میانوالی جیل میں پھانسی دی جائے گی

طالب علموں کے دو گروپوں میں مسلح تصادم

ریوالور، آٹومیٹک گن اور بم استعمال کیے گئے

ایک گروپ کا تعلق جئے سندھ اور دوسرے کا پنجابی فیڈریشن سے تھا

افیون کا مسئلہ پوری طرح حل کرنا ممکن نہیں۔ حکومت نے روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں: لیفٹیننٹ جنرل فضل حق

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حالات روس کے حق میں اور مجاہدین کے خلاف تبدیل ہو رہے ہیں

روس افغانستان سے نکلنا چاہتا ہے۔ مسئلہ حل ہونے کے لیے مزید وقت درکار ہے۔ سیاستدان مہاجرین کے خلاف ہیں، عوام خلاف نہیں



مجھے بندوق کے زور پر دفتر سے نکالا گیا: جسٹس عبدالستار

جنرل ارشاد نے حلف اٹھانے پر مجبور کیا تھا اور عہد کیا تھا کہ ملکی آئین اور عوام کے خلاف کام نہیں کریں گے

میاں طفیل محمد اور پیر پگارا کی ملاقات میں سیاسی جماعتوں کی تحریک پر غور

جماعت اسلامی کے امیر کی طرف سے مسلم لیگ کے سربراہ کے اعزاز میں ظہرانہ: ایس ایم ظفر شریک نہیں ہوئے

جماعت اسلامی اور مسلم لیگ ہم خیال ہیں: پیر پگارا

ہم تو جنرل صاحب کو بھی پیر پگارا کا مرید سمجھتے ہیں: میاں طفیل محمد

بھٹو کی پھانسی کی اصل ذمہ دار بیگم نصرت بھٹو ہیں: مولانا کوثر نیازی

جب بھٹو کو پھانسی پر لٹکایا جا رہا تھا تو پیپلز پارٹی کی تمام قیادت گھر میں آرام سے بیٹھی تھی

میں شوہر اور بیوی میں صلح کرانا چاہتا تھا اور نصرت بھٹو مجھے میری شادی کا ذمہ دار سمجھتی تھیں



طیب عباس

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سنو رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا (القرآن)

زندہ تحریریں

ختم نبوت

اسلام کی وحدت تمام اس بنیاد پر قائم ہے کہ نوع انسانی کے لیے وحدت محمدی کی صورت میں ایسا مکمل مذہب پیش کر دیا گیا ہے جس میں پچھلی تمام دعوتوں کی کمی پوری کر دی گئی ہے اور آئندہ کے لیے کوئی کمی ایسی نہیں چھوڑی گئی جس کو پورا کرنے کی کبھی ضرورت پیش آئے۔ اس مکمل دین نے ہمیشہ کے لیے اسلام اور کفر، حق اور باطل کے درمیان ایسا متعین اور مستقل امتیاز قائم کر دیا ہے کہ اب قیامت تک اس میں کسی قسم کا گھٹاؤ بڑھاؤ نہیں ہوگا۔ جس چیز کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کفر و باطل قرار دے دیا ہے وہ ہمیشہ کے لیے کفر اور باطل ہے۔ اسی سے کوئی چیز نہ اب حق اور اسلام ہو سکتی ہے اور نہ اس کے سوا کسی دوسری چیز پر کفر اور اسلام کی نئی تفریق قائم ہو سکتی ہے۔ یہی مطلق اور غیر تغیر پذیر بنیاد ہے جس پر عالمگیر اور دائمی ملت و تہذیب اسلامی کی عمارت تعمیر کی جاتی ہے۔

جو شخص کہتا ہے کہ اسلام میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی انبیاء کے آنے کی گنجائش ہے وہ درحقیقت اسلام کے استحکام پر ضرب لگاتا ہے۔ نبوت کا دروازہ کھلا رہنے کے معنی یہ ہیں کہ اسلام کی جمعیت ہمیشہ پراگندگی اور تفریق کے خطرہ میں مبتلا رہے۔ ہر نئے نبی کے آنے پر کفر اور اسلام کی ایک نئی تفریق ہو اور ہر ایسے موقع پر بہت سے وہ لوگ اسلام سے خارج ہوتے چلے جائیں جو خدا پر، محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور قرآن پر ایمان رکھنے والے ہیں۔ پس اسلام میں نبوت کا فتح باب درحقیقت فتنے کا باب ہے۔

اس بحث سے سمجھ میں آ سکتا ہے کہ رسالت محمدی کے ساتھ تکمیل دین، نسخ ادیان سابقہ اور ختم نبوت کا اعتقاد کس قدر اہمیت رکھتا ہے اور اسلام کے بقا و استحکام اور اس سے شیوع عام کیلئے اسکا داخل ایمان ہونا کیوں ضروری ہے۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ
(اسلامی تہذیب اور اس کے اصول و مبادی ص ۲۴۳)



يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ (الاحزاب۔ آیت ۴۵)
اے پیغمبر! ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (۴۵)

القرآن

پاکیزگی میں اپنی بھلائی ہے

اے نبیؐ تم صرف ان ہی لوگوں کو متنبہ کر سکتے ہو جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں۔ جو شخص بھی پاکیزگی اختیار کرتا ہے اپنی ہی بھلائی کے لیے کرتا ہے اور پلٹنا سب کو اللہ ہی کی طرف ہے۔ اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہے۔ نہ تاریکیاں اور روشنی یکساں ہیں۔ نہ ٹھنڈی چھاؤں اور دھوپ کی تپش ایک جیسی ہے۔
(فاطر ۲۱-۱۸)

السنۃ

وقت پر نماز پڑھنا سب سے افضل عمل ہے

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ دینی اعمال میں کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپؐ نے فرمایا ٹھیک وقت پر نماز پڑھنا۔ پھر میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ آپ نے فرمایا ماں باپ کی خدمت کرنا۔ میں نے عرض کیا اس کے بعد کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ آپ نے فرمایا راہ خدا میں جہاد کرنا۔ (بخاری، مسلم)

ریشم جیسے حالات
دھمال
نادر مسعود

جب مشرق پاکستان کی یاد ستانے لگتی ہے ادھر بنگلہ دیش سے بھی بعض ایسی خبریں آ جاتی ہیں کہ ہم اپنے اور بنگلہ دیش کے حالات کے موازنہ پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ وہاں سیاسی جماعتوں پر سے پابندیاں اٹھیں تو یاد آیا کہ پانچ برس سے ہمارے ہاں بھی سیاسی جماعتیں کالعدم ہیں۔ وہاں انتخابات کے شیڈول کا اعلان ہوا تو خیال آیا ادھر ہم کئی سال سے محروم انتخابات ہیں۔ وہ خواہ کس قدر مشکوک نہ انتخابات کے شیڈول کو دیکھا تو یاد پڑتا ہے ظاہر ہوا کہ ہماری بعض سیاسی جماعتوں نے تو انتخابات کے اعلان کو مایوس کن قرار دیا تھا۔ ہمارے اور بنگلہ دیش تاریخ کے رشتے میں بندھے ہوئے ہیں اور واقعات معمولی سے رد و بدل کے ساتھ دونوں ممالک میں یکساں پیش آ رہے ہیں۔

بنگلہ دیش میں جمہوریت کے اب جو آثار پیدا ہوئے ہیں تو اس کا سبب شاید بنگالی عوام کی آمد کو ٹھہرایا جا رہا ہے جو ہمارے ملک میں شاید علوہ گری کے امکانات فی الحال معدوم ہیں اس لیے جمہوریت کے امکانات بھی معدوم ہیں۔ جمہوریت لانا ہے تو پہلے ملکہ عالیہ کو پاکستان لانا ہوگا تاکہ اور ملکہ کا ہونا دامن کا سا تو ہے۔ بالفرض محال ملکہ تشریف آوری پر آمادہ نہ ہوئیں تو بھی غم کی بات نہیں جب ہم ملکہ کے بغیر چین اور سکون کی زندگی بسر کر رہے ہیں تو جمہوریت کے بغیر گزارا کر لیں گے۔ بلکہ ہم نے ۳۲ برس حقیقی جمہوریت کے بغیر گزار دیئے ہیں۔ باقی جتنے دن بچ گئے ہیں وہ بھی کٹ ہی جائیں گے۔ ہم نہیں تو ہمارے بعد کی نسل، اور وہ نہیں تو اس کے بعد کی کوئی نسل جمہوریت کا مزہ چکھے گی۔ ہم کیوں نہ سمجھیں کہ جمہوریت کا مزہ چکھ لیا اور مزہ ہی تو چکھنا ہے۔ ورنہ جمہوریت میں رکھا کیا ہے؟ یہی نا کہ جمہوریت میں گدھے گھوڑے سب برابر ہوتے ہیں!

اور یہ بنگلہ دیش بھی عجیب ملک ہے ہر دوسرے برس ایک فوجی انقلاب آ جاتا ہے اور فرصت تماشا یہ کہ فوجی حکومت ہر تیسرے برس انتخابات کرا دیتی ہے۔ ہمارے ہاں اس سرعت سے نہ انقلاب آتا ہے اور نہ اتنی تیزی سے انتخابات ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ مزاج کا فرق ہے۔ بنگالی مسلمان جذباتی اور عجلت پسند ہوتے ہیں۔ اور ہم پاکستانی جذباتی ہوتے ہیں نہ عجلت پسند۔ پتہ نہیں کیا ہوتے ہیں۔ سب کی سنتے چپ رہتے ہیں۔ دل کا حال نہیں کہتے ہیں جو تفاوت ہمارے اور بنگلہ دیشی عوام کے مزاج اور کردار میں ہے تقریباً اتنا ہی فرق دونوں ممالک کے مارشل لاؤں میں ہے۔ ان کا مارشل لاء الیکشن کرا کے حکومت کرتا ہے۔ ہمارا اس کی تیاری کرتا ہے۔ حکومت جب الیکشن کے بغیر کامیابی سے چل رہی ہو تو کیا اس کے دماغ میں خلل آ گیا ہے جو

وہ الیکشن کا خطرہ مول لے۔ خرابی یہ کہ ہمارا مارشل لاء ذہین اور زیرک ہے موقع شناس ہے اور حقیقی مارشل لاء ہے بنگلہ دیش کے مارشل لاء میں مارشل لاء کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جب انہیں جمہوریت کی جلدی پڑ جاتی ہے اور جمہوریت جیسا تحفہ بلا تاخیر کر دیتی ہے اس بات میں کیوں نہ منظر بدلے اور فوجی انقلاب اقتدار اچک لیتا ہے۔ یہ ایک سائیکل ہے جس میں بنگلہ دیشی عوام چکر کھا رہے ہیں۔ چکر ہم بھی کھا رہے ہیں لیکن وہ چکر سے نکل نکل کے چکر میں آ جاتے ہیں اور ہم چکر کھا رہے ہیں وہاں کے آثار بتاتے ہیں کہ وہ ایک نہ ایک دن چکر سے نکل جائیں گے۔ ہمارے مارشل لاء نے ہمیں جزو چکر نہ دیا تو ہم بھی اس سے نکل جائیں گے پھر دونوں ممالک کے عوام جمہوریت میں مارشل لاء کے اچھے دنوں کو یاد کریں گے بشرطیکہ حالیہ چکر دونوں سے جانبر ہو جائیں۔

بنگلہ دیش کے صدر مملکت ایک جنرل صاحب ہیں ہمارے صدر مملکت بھی محترم جنرل ہیں۔
جدا جدا ہیں آدمی پر ہو کا رنگ ایک ہے
اور صرف رنگ ہی کا نہیں ذکر عقائد اور اختیارات کو ایک ہی سمجھے ہیں۔ فرق صرف اعتبار کا ہے یہ تو نہیں معلوم کہ بنگلہ دیش کے عوام کا اپنے سربراہ مملکت پر کس درجہ اعتبار ہے ہمیں تو اپنے صدر صاحب کا بہت اعتبار ہے وہ جو وعدہ کرتے ہیں ہم اعتبار کر لیتے ہیں۔ وہ یقین دلاتے ہیں ہم سر تسلیم خم کر دیتے ہیں۔ اور ہم اعتراف کرتے ہیں کہ سر تسلیم خم کرنے سے انکار کر دیں اور اپنی جوانی کو تقسیم شدی کے حوالے کر دیں۔ غالباً ہم ایسا کریں گے تو بڑھاپے کی آزادی میں خود کو حفیظ جالندھری کی طرح "ابھی تو میں جوان ہوں" کی فلمی تسلی دیں گے۔ زندگی، ہائے یہ خوبصورت سی زندگی صرف ایک بار ملی ہے کیا اسے بھی نوابزادہ نصر اللہ خان کی طرح حالت نظربندی میں مفت گزار دیں۔

آج کی ذمہ داری

آج نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے یوم سعید پر پوری دنیا میں طور پر کچھ ایسی تقریبات ہیں جو ہر سال منائی جاتی ہیں اور کچھ جاری ہیں مگر آج ہم کیا ان روایتی تذکروں اور اظہار عقیدت کے رسمی مظاہر سے ہٹ کر کچھ سنجیدہ غور و فکر کی دعوت دینا چاہتے ہیں۔

پاکستان کی علاحدہ مملکت اس مملکت خداداد میں تمام نظام اسلامی کی ... کے جب جشن ہوں گے کے صرف جذباتی نظاہرے نہیں بلکہ اسوۂ رسول اکرمؐ کو زندگی کے ہر شعبے میں اپنانے کی سنجیدہ کوشش درکار ہے۔ اگر اس ملک میں نظام اسلامی کے قیام کے دعوے ہیں تو ہمیں اس کا شرف خود اپنے اوپر اس کے نفاذ کا آغاز کر کے دینا ہوگا۔ ہمیں اپنی زندگیوں میں وہ تبدیلیاں لانی ہوں گی جن کا تقاضا اسوۂ رسولؐ کرتا ہے۔ ہم خواہ مالک ہوں یا مزدور، تاجر ہوں یا خریدار، اعلیٰ افسر ہوں یا ادنیٰ ملازم، استاد ہوں یا شاگرد، لیڈر ہوں یا پیروکار، ہمیں اپنی زندگیوں کا جائزہ لے کر دیکھنا ہوگا کہ ہم کہاں تک اسوۂ رسولؐ کے تقاضوں سے ہٹ چکے ہیں۔ اور پھر اس انحراف کو درست کرنا ہوگا۔

کچھ لوگ یہ سوچ کر مطمئن ہو جاتے ہیں کہ اسلامی نظام کا نفاذ صرف حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ان تمام لوگوں کو جو اسلامی نظام کے مقصد سے اخلاص رکھتے ہیں یہ بات کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ آج تمام عالم اسلام دشمنوں کی سازشوں کا نشانہ بنا ہوا ہے اور پاکستان میں اسلام کے تجربے کو ناکام بنانے کے لیے اہل اسلام کی اپنی صفوں میں اختلاف و انتشار پیدا کیا جا رہا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب مسلمانوں کو اپنے تمام اختلافات بھلا کر بنیان مرصوص بن جانا چاہیئے۔

آج کے دن پاکستان کے عوام و خواص سب کی زندگیوں میں اسلام کی سمت واضح اور محسوس تبدیلی کا آغاز ہونا چاہیئے۔ یہی وہ اسلامی نظام کا جذبہ ہے جو برصغیر کے مسلمان عوام گزشتہ کئی عشروں سے مطالبہ کرتے رہے ہیں اور اس کے لیے قربانیاں دیتے رہے ہیں۔ اب یہ نظام محض جذباتی نعروں اور گرم گفتاری کا نہیں بلکہ سنجیدہ عمل کا متقاضی ہے۔ اس عمل کا آغاز سب سے پہلے اپنی ذات اور اپنے گھر سے ہونا چاہیئے۔ بلاشبہ آج وقت کا تقاضا ہے کہ ہم میں سے ہر ایک یہ دیکھے کہ وہ خود اسلام کے زریں اصولوں پر کس قدر کاربند ہے۔ ہر شعبۂ زندگی کے لوگوں کو اس کا جائزہ لے کر اپنے طور پر تطہیر اور اصلاح کا کام شروع کر دینا چاہیئے۔ کیونکہ عمل ہی وہ کسوٹی ہے جس سے ہمارے اخلاص اور ہمارے جذبوں کی سچائی کا ثبوت فراہم ہو سکتا ہے۔

انگریزی کا راج

ہمارے رپورٹر کی اطلاع کے مطابق سرکاری دفاتر اور تعلیمی اداروں میں اردو کو بتدریج رائج کرنے کی سرکاری پالیسی کے برخلاف تین سال قبل جن سرکاری اسکولوں میں انگریزی کی جگہ اردو نافذ کی گئی تھی وہاں دوبارہ انگریزی ذریعۂ تعلیم بحال کر دیا گیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت کے سب سے بڑے تعلیمی ادارے اسلام آباد کالج برائے طلبہ کے بارے میں یہ اطلاع ہے کہ وہاں رواں تعلیمی سال کے آغاز سے اردو ذریعۂ تعلیم ختم کر کے انگریزی ذریعۂ تعلیم اختیار کر لیا گیا ہے۔

بتایا گیا ہے کہ یہ کالج وفاقی دارالحکومت کا بہت اہم تعلیمی ادارہ ہے جہاں پہلی جماعت سے انٹر تک تعلیم ہوتی ہے۔ اور اس میں متعدد وفاقی وزراء، وفاقی سکریٹری اور اعلیٰ سرکاری حکام کے بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اسلام آباد کے دوسرے تعلیمی اداروں کے برعکس یہاں شروع سے ذریعۂ تعلیم انگریزی تھا لیکن ایک ملک گیر سرکاری فیصلے کے تحت تین سال قبل کالج کی پہلی جماعت میں انگریزی ختم کر کے اردو رائج کی گئی تھی تین سال کے عرصے میں تیسری جماعت تک اردو ذریعۂ تعلیم اختیار کیا جا چکا تھا۔ مگر اس سال اس کی کارروائی پر خط تنسیخ پھیر دیا گیا اور جن بچوں نے اردو ذریعۂ تعلیم سے پڑھا انہیں پھر سے انگریزی پڑھوائی جا رہی ہے۔

یہ سب کیا دھرا نوکر شاہی کے ان سپوتوں کا ہے جنہیں من حیث الطبقہ اپنی بقا انگریزی میں نظر آتی ہے اور جو اردو کا رواج اپنے طبقاتی اقتدار کی موت سمجھتے ہیں۔ اس طبقے کے لوگوں نے اصلاحی اور متوازی ... اسکولوں کا چکر چلا کر پورے ملک میں انگریزی ذریعۂ تعلیم کے سکولوں کا جال بچھایا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ سب کچھ ان صدر صاحب کی ناک کے نیچے ہو رہا ہے جو اردو کو سرفراز کرنے کی مہم چلائے ہوئے ہیں اور اسی مقتدرۂ قومی زبان کی اسلام آباد میں موجودگی میں ہو رہا ہے جو اردو کے نفاذ و رواج کا نگران ادارہ ہے۔ ہم صدر صاحب سے گزارش کریں گے کہ وہ اس صورتحال کے پس منظر میں اس وضاحت کی زحمت فرمائیں کہ نوکر شاہی کی مطلق العنانی کا "پردہ" اپنی حکومت "کے ہونے کی ہمت کا بار کب تک اٹھاتے رہیں گے؟

اشاعتِ میلادالنبیؐ

رسولِ اکرمؐ کا پیغامِ انقلاب

مولانا ماہر القادری


سیدِ کونینؐ نے تمام انسانیت کو منزلِ مقصود کی راہ دکھائی

بعض الفاظ ہیں جن کے معنی و مفہوم کے ساتھ ... مثلاً انقلاب ...

حضورؐ کی سیرت ایک مسلمان کی جاگیر اور اس کا ورثہ ہے

عتیق الرحمٰن مجاہد منصور





صلّ علیٰ محمدؐ

عبدالعزیز خالد

صلّ علیٰ محمدؐ
صلّ علیٰ محمدؐ
صاحبِ نفسِ مطمئن
وہ ہے عیان و ممکتمن
جس کے مطیع انس و جن
ذکر میں جس کے رات دن
بیتیں ہمارے ماہ و سن
صلّ علیٰ محمدؐ

وہ ہے حبیبِ کبریا
وہ ہے خطیبِ انبیاء
وہ ہے ازل کی ابتدا
وہ ہے ابد کی انتہا
بلکہ کچھ اس سے بھی سوا
صلّ علیٰ محمدؐ

وہ ہے منارہ نور کا
جلوہ قریب و دور کا
عقدہ کشا امور کا
اسم ہے وہ شعور کا
نام ہے یہ حضورؐ کا
صلّ علیٰ محمدؐ

محرمِ رازِ کن فکاں
عہدِ الست کی زباں
مرسلِ آخر زماں
جس کی قلمرو دو جہاں
کون و مکان و لامکاں
صلّ علیٰ محمدؐ

وہ ہے کمالِ بندگی
تکملۂ پیمبری
جس کے در جمال کی
مجھ کو ملی ہے چاکری
مجھ کو کہے جو: "خالدی!"
صلّ علیٰ محمدؐ
صلّ علیٰ محمدؐ

…را وراس کا ورثہ ہے

حقیق الرحمٰن مجاہد منصوری



اسلامی انقلاب کے بعد ایران اور پاکستان کی تجارت میں کئی گنا اضافہ ہوا

پاکستان کو دس ہزار بیرل یومیہ تیل ارزاں نرخوں پر فراہم کیا گیا

بیرونی ملکوں میں کام کرنے والے پاکستانیوں کی بھاری تعداد واپس آ رہی ہے

ظہیر عباس نے عارضی کپتانی قبول کرلی سرفراز کو آسٹریلیا بھیجا جارہا ہے

عمران ہوتا تو بھی ٹیم کی کارکردگی بہت زیادہ مختلف نہ ہوتی ۔ نور خان

وِکلا کی بھوک ہڑتال

اداکار وحید مراد چل بسے



METROMONIAL

A practising Sunni Muslim bachelor, 26 years, BA Sayyid family from Madras, India. Original Islamic character intact, unpolluted by other cultures. Seeks alliance with eually serious and sincere Muslim family. Only those who have not been attracted by corruption of other cultures should send details by mail. Marked **PERSONAL** to
Dr A.S. Shaikh
56 Boustead Avenue
Toronto, M6R 1Y9, Ont.

اسلامی اقدار کے حامل اخلاقی و معیاری رشتوں کے خواہشمند مندرجہ ذیل پتہ پر اعتماد کے ساتھ لکھیں ۔ (خدمات فی سبیل اللہ ھیں)
Br. Hasan,
P.O. Box 503,
Station 'A',
Toronto, Ont.
M5W 1E4

سفارت خانۂ پاکستان

ٹورانٹو وگرد و نواح میں مقیم پاکستانیوں کو مطلع کیا جاتا ھے کہ ماہ دسمبر کے لئے سفارت خانۂ پاکستان کے کونسل آفس کا ھفتہ دس دسمبر سے سوموار ۱۲ دسمبر تک ٹورانٹو میں قیام ھوگا ۔ تین دن کے اس کیمپ آفس کا پتہ اوقات اور فون نمبر درج ذیل ھیں ۔
Royal York Hotel
100 Front Street (West)
Toront,
Phone: (416) 368-2511
Time: 9.00am to 4.00pm
(without break)

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

اوکلاھاما امریکہ میں مقیم ۲۷ سالہ حنفی سنت الجماعت پی ایچ ڈی کیمسٹری ڈاکٹریٹ فیلوشپ لڑکے کے لئے اعلیٰ تعلیمیافتہ اور خوبصورت لڑکی کا رشتہ درکار ھے ۔ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائے گی ۔ لڑکے کے ٹورانٹو میں مختصر قیام کے باعث مکمل کوائف اور تصویر کے ساتھ فوری رابطہ قائم کریں ۔
S.M.A.
35 St. Dennis Dr.
Apt. #340
Don Mills, Ont.
M3C 1G9

۳۹ سالہ گریجویٹ پاکستانی لڑکی کے لئے چالیس تا چھیالیس سالہ تعلیمیافتہ پاکستانی کا رشتہ مطلوب ھے تفصیلات کے لئے خط لکھئے ۔
P.O. Box 1023
Williamsville
NY 14221, USA


لندن انگلینڈ میں مقیم ۳۵ سالہ لیڈی ڈاکٹر کے لئے ڈاکٹر، انجینئر یا پروفیشنل کا رشتہ مطلوب ھے ۔ خواھشمند حضرات تفصیلات کیلئے الہلال کی معرفت رجوع کریں ۔
S.H. c/o al-Hilal

ضرورت ہے

گھریلو کام کاج کے لئے ایک تیس تا پچاس سالہ خاتون کی ضرورت ھے ۔ خواھشمند اس نمبر پر رابطہ قائم کریں
(416) 497-2937



جیتی جاگتی زندگی — مس فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں



بچے کالے گورے کی تفریق سے بے نیاز ہوتے ہیں

میرا بچہ اڑھائی سال کا ہے۔ میرے شوہر کا کام ایسا ہے کہ وہ مہینے میں تین ہفتے گھر سے باہر رہتے ہیں۔ ہماری شادی کو پانچ سال کا عرصہ ہوا ہے۔

میں اپنے بچے کے بارے میں بہت پریشان رہتی ہوں۔ وہ جب بچوں سے کھیلتا ہے تو ان کی چیزیں توڑ دیتا ہے۔ انہیں دھکے دے گا۔ ان کے بال نوچے گا۔ اس لئے جب میں شام کو اسے لے کر پارک میں جاتی ہوں تو کوئی بچہ اس کے ساتھ کھیلنے کو تیار نہیں ہوتا۔ مجھے اس سے بہت شرمندگی ہوتی ہے۔ پارک میں گورے بچے بھی کھیلنے آتے ہیں۔ وہ دوسرے ایشیائی بچوں کے ساتھ مل جل کر کھیلتے ہیں۔ حالانکہ میرا بچہ صاف ستھرا ہے۔ اس کا رنگ بھی صاف ہے پھر بھی بچے اس کے ساتھ نہیں کھیلتے۔ حالانکہ گھر میں یہ ٹھیک ٹھاک رہتا ہے۔ ہمارے پڑوس میں یونانی خاندان آباد ہے۔ ان کا ایک بچہ چار سال کا ہے وہ جب ہمارے گھر آتا ہے تو یہ اسے اپنے کھلونے دیتا ہے۔ اسے اپنے ڈبے کی چوکلیٹ دے گا۔ مل کر کھیلے گا۔ لیکن باہر جا کر نہ جانے اسے کیا ہو جاتا ہے۔

صفیہ

ممکن ہے باپ کی غیر موجودگی کی وجہ سے وہ خود کو غیر محفوظ پاتا ہو۔ خصوصاً کھلی جگہ پر۔ گھر میں اس کا خوشگوار موڈ ہونے کا مطلب یہی ہے کہ وہ اپنے گھر کو اپنی مملکت سمجھتا ہے جہاں اس کی سربراہی مانی جاتی ہے۔ اسے لاڈ و پیار حاصل ہے۔ اگر وہ کھیلتا کھیلتا ٹی وی کے بٹن مروڑ دیتا ہے تو کوئی اس کی طرف غصے سے نہیں دیکھتا لیکن جب باہر جا کر بچوں کو چھیڑے گا تو دوسرے بچے ضرور خفا ہوں گے۔

بچوں میں نسلی امتیاز کا احساس اتنا نمایاں نہیں ہوتا۔ آپ نے خود ہی لکھا ہے کہ پارک میں گورے اور کالے بچے مل جل کر کھیلتے ہیں۔ آپ کے بچے کی غیر مقبولیت اس کے حسب نسب سے نہیں ہے۔ بچے ان کے پاس نہیں آتے۔

آپ نے دیکھا کہ آپ کے ہاں جب یونانی بچے آتے ہیں تو وہ آپ کے بچے کے ساتھ مل کر کھیلتے بھی ہیں اور آپ کا بچہ بھی ان کے ساتھ دوستانہ سلوک کرتا ہے۔ آپ ایسا کریں کہ پارک میں جاتے وقت ان یونانی بچوں کو بھی ہمراہ لے لیا کریں۔ نیز جب آپ کے شوہر یہاں ہوں تو آپ ان سے درخواست کریں کہ بچے کو باہر لے کر جائیں۔

جب حالات بدلے

میری عمر ۱۴ سال ہے۔ ہم دو بہن بھائی ہیں۔ بھائی ۱۹ سال کا ہے۔ میرے ابو کا گذشتہ سال انتقال ہو گیا تھا۔ ہم لوگ یہاں دس سال سے رہ رہے ہیں۔ اس سے پہلے ہم لاہور میں رہتے تھے۔

جب سے ابو فوت ہوئے ہیں۔ ہمارے گھر کا ماحول بہت تبدیل ہو گیا ہے۔ ابو مجھ سے بہت پیار کرتے تھے۔ میں انہیں بہت یاد کرتی ہوں۔ امی بیمار رہتی ہیں اس لئے گھر کا سارا کام مجھ کو کرنا پڑتا ہے۔ اگر میں بھائی سے کوئی کام کہوں تو وہ میری بات نہیں مانتا۔ امی بھی اسے کچھ نہیں کہتیں۔

بھائی پورا وقت باہر پھرتا رہتا ہے پڑھائی بھی ٹھیک طرح سے نہیں کرتا۔ جب ابو زندہ تھے تو جلدی گھر آتا تھا۔ امی اس کی طرف سے بہت پریشان رہتی ہیں۔ ہمارے بڑے ماموں بھی ادھر رہتے ہیں۔ وہ کبھی کبھار آتے ہیں۔ امی کا خیال ہے کہ ہم لوگ پاکستان چلے جائیں۔ وہاں بھی اپنا گھر اور زمین ہیں لیکن بھائی بالکل نہیں مانتا وہ کہتا ہے کہ مجھے پاکستان اچھا نہیں لگتا۔ پھر میری پڑھائی کا کیا ہو گا۔ مجھے بھی اس کی بات سے اتفاق ہے۔ لیکن امی پورا وقت گھر میں اکیلی رہتی ہیں۔ اگر ہم لاہور جائیں گے تو بہت سے ملنے والے اور رشتہ دار ہوں گے۔

نازنین

آپ ایسا ضرور کریں۔ میرا مطلب ہے آپ امی اور بھائی کچھ عرصہ کے لئے لاہور ضرور جائیں۔ وہاں سب رشتے داروں اور عزیز و اقارب سے ملیں اس کے بعد فیصلہ کریں کہ آپ کے لئے واپس آنا مناسب ہے یا آپ وہیں خوش رہیں گی۔

جس طرح آپ اپنے ابو کو یاد کر کے روتی ہیں۔ آپ کی والدہ بھی ان کی الیمہ کے بعد سنبھل نہیں سکی ہیں۔ آپ کے بھائی کو بھی باپ کی موت کا غم ہو گا۔ لیکن یہ لڑکے فطری طور پر لاپرواہ ہوتے ہیں۔ پھر باپ کے مرنے کے بعد ان کے اطوار کچھ ایسے ہو جاتے ہیں جیسے کسی بادشاہ کی موت کے بعد ولی عہد کے۔ بھائی سمجھتا ہے کہ میں اب اس گھر کا سربراہ ہوں اور یہ لڑکی (یعنی آپ) کہتی ہے میرے ساتھ گھر کا کام کرواؤ۔

بے شک آپ کا بھائی غیر ذمہ دار بھی ہے۔ ورنہ وہ بلا ضرورت باہر نہ رہے اور حسب سابق جلد گھر آ جایا کرے۔ یہ بھی اس بیجا پابندی کا ردعمل ہے جو باپ کی زندگی میں اس پر عائد تھی۔ اب وہ خود کو آزاد سمجھتا ہے۔ فکر نہ کریں کچھ عرصہ بعد وہ خود بخود سدھر جائے گا۔

عورت اور جنت کا دروازہ

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس عورت نے

۱۔ پانچوں وقت کی نماز پڑھی۔
۲۔ رمضان شریف کے روزے رکھے۔
۳۔ اپنے نفس کو برے کام سے بچالیا۔
۴۔ اپنے شوہر کی فرمانبرداری کی۔

ایسی عورت کو اختیار دیا جائے گا کہ وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو جائے۔

(مشکوۃ شریف)

خود سے مل کر بہت اداس ہوئے
ہم جو ہنس ہنس کے سب سے ملتے ہیں

تیری ابتداء کہیں آنسو تیری انتہا کہیں آہیں
تو ہی کہہ دے اے محبت تجھے کس بنا پہ چاہیں

اپنی تو وہ مثال ہے جیسے کوئی درخت
اوروں کو سایہ بخش کے خود دھوپ میں جلے

مدتوں سے یہی عالم ہے نہ توقع نہ امید
دل پکارے ہی چلا جاتا ہے جاناں جاناں
دل یہ کہتا ہے کہ شاید ہو افسردہ تو بھی
دل کی کیا بات کریں دل تو ہے ناداں جاناں

سوچیں اور جذبے

میں سوچتے سوچتے تھک گیا ہوں۔ مگر اب تک کسی فیصلے پر نہ پہنچ سکا۔ جہاں تک مجھے یاد ہے شاید کوئی دن ایسا گزرا ہو جب اپنی مخصوص جگہ پر کھڑے ہو کر اس نے حیرانگی سے میری جانب دیکھنے کی کوشش نہ کی ہو میں نے ہزار بار اپنے آپ کو آئینے میں ہزار زاویے سے دیکھا۔ لیکن مجھے یہ نقوش بد صورت رنگت پکار پکار کر کہہ رہی تھی — تم چاہت کے قابل نہیں۔

پھر آخر کیوں؟ کبھی کبھی میں الجھ جاتا۔ بہت تلاش کے بعد سوچ کر میں اپنے آپ کو تسلی دے ڈالتا۔

مجھے اس سے بات کرنی چاہیے۔ ہو سکتا ہے وہ میری جانب سے پہلے قدم کی منتظر ہو لیکن جب بھی تو وہ اپنی جگہ سے آگے نہ بڑھ پائی۔

لیکن کیسے — جہاں تک ممکن ہے — مجھے [illegible]

[illegible]



For Mr.&Mrs. Libertucci, Convert-to-Rent will mean welcome extra income. Can we help you?

لبرٹوچی کی دوکان کی اوپر والی جگہ کبھی کبھار استعمال میں آتی ہے۔ لیکن یہ میاں بیوی بہت جلد اس جگہ کو دو اپارٹمنٹ میں بدلنے والے ہیں۔ اس تبدیلی کا مطلب مسٹر اور مسز لبرٹوچی کے لئے اضافی آمدن اور انٹاریو میں کرایہ کے مکانوں کی قلت میں کمی ہے۔ انٹاریو گورنمنٹ کے "رہائش میں تبدیل کرنے کا پروگرام" پر مخصوص علاقوں میں عمل شروع ہو چکا ہے۔ اور وہ اس کے لئے فی یونٹ پندرہ سال کی مدت کا سود سے پاک سات ہزار ڈالر کا قرض دے رہی ہے۔ مسٹر اور مسز لبرٹوچی کو اپنے علاقے کی میونسپل کمیٹی کا بھی مکمل تعاون حاصل ہے، کیا آپ کی ملکیت میں اپنی ذاتی یا مارگیج پر حاصل کی ہوئی ایسی غیر رہائشی جگہ ہے کہ جسے رہائش میں بدلا جا سکے؟ مثلاً سٹور کے اوپر کا حصہ؟ غیر مستعمل سکول یا گودام؟ حتیٰ کہ شاپنگ مال کی چھت پر بھی رہائشی یونٹ بنانے کے لئے قرض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مکمل تفصیلات کے لئے مسز ٹونی فارلے سے (416) 585-6391 پر کاروباری اوقات میں رابطہ قائم کیجئے۔

CONVERT-TO-RENT

Teaming money and imagination

Ontario

Ministry of Municipal Affairs and Housing
Claude Bennett, Minister
William Davis, Premier

CONVERT-TO-RENT AVAILABLE IN: Barrie • Brantford • Cornwall • Guelph • Hamilton • Kingston • Kitchener • North Bay • Oshawa • Ottawa-Carleton • Peterborough • Sarnia • Sudbury • Thunder Bay • Metro Toronto

میں علی پور کا ایلی ہوں

ممتاز مفتی

مکالمات
طاہر مسعود

جو اسی معاشرے میں رہتے ہیں اور جن ہی کی کہانیاں لکھتے ہیں، ان کی تحریریں قارئین کی فہم سے ماورا ہوتی ہیں۔ کیا یہ حیرت انگیز بات نہیں ہے؟

ج: نیا معاشرہ نئے پن میں کتنا دور نکل گیا ہے۔ وہ فیشن میں مبتلا ہو گیا ہے۔



"میری عمر سترہ برس ہے" ممتاز مفتی نے سنجیدگی سے کہا۔ "آپ اٹھارہ سال کے کب ہوں گے؟" میں نے معصومیت سے پوچھا۔ "کبھی نہیں ..... میری عمر میری اجازت کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا سکتی" وہ قہقہہ مار کر ہنس پڑے۔ اپنے فقروں پر قہقہہ لگانا ان کی عادت ہے ... اٹھارہ برس کا نہیں ہونے دیں گے۔ اسلام آباد کے ایک بنگلے میں وہ آرام دہ زندگی گزار رہے ہیں۔ دوستوں کی بے تکلف محفلیں، سیر، اور خوشحال بچے، شہرت، عزت، اسماجی مرتبہ، سبھی کچھ میسر ہے۔ اسی لئے چاہتے ہیں کہ دوسرے ادیب بھی زندگی کے جھمیلے سے کچھ خرید لیں۔ وہ ادیبوں کو دکھی دیکھ کر خود بھی دکھی ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ دکھ دینے کے لئے اب ایسی باتیں رہ گئی ہیں ... SPOKES ... پڑوسیوں کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے۔ وہ علی پور کا ایلی ہیں، بڑھاپے کی دہلیز پر کھڑا ایلی جو دنیا اور دنیا کی بیشتر چیزوں پر ہنس رہا ہے۔

س: آپ بحیثیت ادیب کے خود کو کیسا محسوس کرتے ہیں؟

ج: ادیب اسے کہتے ہیں جس میں حس زیادہ ہو۔ اگر آپ بہت حساس ہیں تو زندگی آپ کے لئے مشکل ہو جائے گی ... [illegible]

[illegible]

... کیا مشورہ دینا چاہتے ہیں؟

ج: میں ادیب جونئیر کو ... یہ کہنا چاہتا ہوں ... ادیب بنا ہوں ... [illegible]

بانو قدسیہ، اشفاق احمد سے بڑی ادیبہ ہیں
اشفاق تو صرف "گڈری" بچا رہے ہیں

[illegible]



تصدیق چوہان اور ستار احسن تنقیدی کی ہے ...

[illegible]

س: "راجہ گدھ" "بستی" اور "جنت کی تلاش" میں آپ کو کون سا ناول پسند آیا؟

ج: مجھے "راجہ گدھ" اچھا لگا۔

س: ترقی پسندوں سے آپ کے کیا اختلافات تھے؟


ترقی پسند تحریک میں ادیب
... صف میں کھڑے تھے

ج: یار یہ سوال ... [illegible]

ادیبوں کو ادب وغیرہ
چھوڑ کر پیسے کمانے چاہئیں!

[illegible]

ادب و ثقافت



لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

مالک مرام

قرآن میں جن و انس کی تخلیق کی غرض و غایت اور ان کا مقصد حیات یہ بتلایا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نیک اور عبادت گزار بندے بنیں:

وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ (۵۱: ۵۶)

جب تخلیق کی علت غائی یہ ٹھہری تو یہ کیونکر تصور کیا جا سکتا ہے کہ خداوند کریم نے بندوں کے لیے ایک منزل تو مقرر کر دی، مگر اس تک پہنچنے کے لیے کوئی رستہ نہیں بتایا اور کوئی اس رستے کا بتانے والا پیدا نہیں کیا۔ انہی دونوں مشکلوں کا ازالہ یوں کیا کہ فرمایا:

ان الدین عند اللہ الاسلام (۳: ۱۹)

کہ پہنچنے کا راستہ اسلام کہلاتا ہے اور مسلمان کون ہے؟

الذین یؤمنون بالغیب و یقیمون الصلٰوۃ و مما رزقنٰھم ینفقون و الذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک و بالاٰخرۃ ھم یوقنون۔ (۲: ۲-۴)

وما علینا الا البلاغ۔

> وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
> غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیِ سینا
> نگاہِ عشق و مستی میں وہی اول، وہی آخر
> وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ
>
> علامہ اقبالؒ

با محمدؐ ہوشیار

ایک رندِ خرابات کا قصہ
جو مدہوش ہوتے ہوئے بھی ہوش میں تھا

عرب ہوٹل میں ایک دفعہ بعض کمیونسٹ نوجوانوں نے جو بلاکے ذہین تھے ...

(شورش کاشمیری، کوچۂ سخن، صفحہ ۴۳)

نعت : قدسی

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

من بیدل بہ جمالِ تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

نسبتے نیست بہ ذاتِ تو بنی آدم را
برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت
بمقامے کہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبی

نخل بستانِ مدینہ ز تو سرسبز مدام
زاں شدہ شہرۂ آفاق بہ شیریں رطبی

ذاتِ پاکِ تو دریں ملکِ عرب کردہ ظہور
زاں سبب آمدہ قرآں بہ زبانِ عربی

چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقبی، ہاشمی و مطلبی

سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

fortnightly al-Hilal Vol.12 No.18 50 ¢
December 10, 1983
Ph: (416) 474-9292, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Dir. M. Lateef Owaisi

پرانی سیاسی پارٹیاں رجسٹر نہیں ہوسکتیں صدر جنرل ضیاالحق

قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ایک روز بھی ممکن نہ ہوں تو تین، چار دن کا وقفہ ہونا چاہئے

امیدواروں کو معیار اور صلاحیت کے بارے میں قواعد کا خیال رکھنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں جیتنے والے امیدواروں کی صلاحیت اور معیار کے بارے میں قواعد میں وہ کچھ ترمیم کرنا چاہتے ہیں۔ صدر ضیاء سے پوچھا گیا کہ اگر انتخابات غیر جماعتی بنیاد پر ہوتے تو کیا سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کو انتخاب لڑنے کی اجازت ہو جائے گی یا نہیں تو صدر نے کہا کہ وہ نہیں سمجھتے کہ اس طرح کے لوگوں کو فی الحال اس بارے میں کوئی تشویش ہو سکتی ہے۔ ... اگر فیصلہ غیر جماعتی انتخابات کے حق میں ہوا تو کوئی وجہ نہیں کہ سیاسی لیڈر انفرادی طور پر انتخاب نہ لڑ سکیں بشرطیکہ انتخاب لڑنے کے لئے طے شدہ صلاحیت اور دوسری شرائط پوری کرتے ہوں۔

بھارت سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش جاری ہے

لاہور میں اخبار نویسوں سے صدر جنرل ضیاء الحق کا خطاب

لاہور ــــــ صدر اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کے لئے پاکستان اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ بھارت کے بعض سیاستدانوں کے حالیہ اشتعال انگیز بیانات کے باوجود دونوں ملکوں کے تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا رہے گا۔ ... جنرل ضیاء آج اسلام آباد سے لاہور کے ایک روزہ دورہ پر یہاں پہنچنے کے بعد اخباری نمائندوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بھارت کے لیڈروں کے حالیہ بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش دونوں طرف سے ہونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اشتعال انگیزی سے گریز کیا ہے اور اس نے ہمیشہ مثبت رویہ اختیار کیا ہے تاکہ تعلقات خراب نہ ہوں۔ ... دونوں ملکوں کے تعلقات معمول پر رہے ہیں ...

کراچی میں جلوس پر پتھراؤ

کانسٹیبل ہلاک ہوگیا، متعدد افراد گرفتار

آنسو گیس سے صورت حال پر قابو پالیا گیا، پریس نوٹ

کراچی ــــــ (ریڈیو) کراچی کی انتظامیہ نے آج شب ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے ... مسجد کے قریب ... مسجد کی چھت سے بعض شرپسندوں نے جلوس پر پتھراؤ کیا ... پولیس نے صورت حال کو قابو میں رکھنے کے لئے آنسو گیس استعمال کی ...

جیلوں پر دباؤ

راولپنڈی ــــــ سرکاری ذرائع کے مطابق صوبہ پنجاب کی جیلوں میں جگہ اور سہولتوں کے اعتبار سے کہیں زیادہ قیدی نظر بند ہیں۔ راولپنڈی جیل میں قیدیوں کی تعداد بارہ سو کے لگ بھگ ہے جن میں سے ایک سو سیاسی قیدی ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اس جیل میں زیادہ سے زیادہ پانچ سو قیدیوں کے لئے گنجائش موجود ہے۔

قادیانیوں سے جزیہ وصول کیا جائے

ــــــ مولانا محمد شریف جالندھری

لاہور ــــــ مجلس ختم نبوت کے سیکریٹری جنرل مولانا محمد شریف جالندھری نے کہا ہے کہ صدر مملکت کی طرف سے کئے گئے اس اعلان نے کہ قادیانی کافروں سے بھی بدتر ہیں، ہمارے شکوک و شبہات کو ختم کر دیا ہے۔ انہوں نے صدر مملکت سے مطالبہ کیا کہ سرکاری ملازمتوں میں فوری طور پر قادیانیوں کا کوٹہ مقرر کر دیا جائے جو قادیانیوں کی آبادی کے تناسب سے ہو۔ ... انہوں نے کہا ۱۹۷۴ء کے آئین میں قادیانیوں سے متعلق ترمیم کے بعد مسلمان ممالک نے قادیانیوں پر پابندیاں عائد کر دی ہیں لیکن پاکستانی پاسپورٹ پر ... قادیانی سعودی عرب میں بھی داخل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا جو قادیانیوں سے جزیہ وصول کیا جائے کیونکہ انہیں زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دیا جا چکا ہے۔

لاہور میں سگرٹ نوشی پر پابندی

لاہور ــــــ ... ڈویژن میں تمام تعلیمی اداروں، ... اور پبلک مقامات میں سگرٹ نوشی پر پابندی لگا دی گئی ہے۔

بھارت میں مسلمانوں کے خلاف فرقہ پرست ہندو تنظیموں کا خفیہ اجلاس

ہندوستان کو مختلف مذاہب کا مسافر خانہ نہیں بنایا جا سکتا، یہاں سکھوں اور مسلمانوں کی گنجائش نہیں، مقررین

... ہندو تنظیموں کا ایک خفیہ اور مشترکہ اجلاس ... ہندوستان کو ہندو علاقہ قرار دینے کے لئے ... ۱۹۸۲ء ...

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو تنقید کا حق حاصل ہے

جہاد اور ہجرت اسلام کے عین مطابق ہے : الطاف گوہر

پنجاب میں کپاس کی ۷۵ فیصد فصل تباہ ہوگئی

لاہور ــــــ ... پنجاب میں ۷۵ فیصد کپاس کی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں ... ہونے والی بارش اور دیگر ... کپاس کی فصلوں کو بے حد نقصان پہنچا ہے ... جائزہ لیا ہے جس میں اس کا انکشاف کیا گیا ہے کہ نقصانات کی اصل وجہ بے وقت بارشوں کی زیادتی تھی۔

پانچ روپے کے نئے نوٹ کا اجراء

کراچی ــــــ سٹیٹ بینک پاکستان جلد ہی ۵ روپے کے نئے نوٹ جاری کر رہا ہے ... نوٹوں کا سائز اور رنگ موجودہ نوٹ جیسا ہی ہے۔ موجودہ نوٹ بھی ملک میں قانونی کرنسی کے طور پر استعمال ہوں گے۔

راولپنڈی میں وکلاء کی بھوک ہڑتال

راولپنڈی ــــــ ... وکلاء کی بھوک ہڑتال آج چوتھے دن بھی جاری رہی ... ۲۴ گھنٹے ... سابق وزیر اطلاعات طاہر محمد خان بھی شامل ہیں۔

سیاسی قیدیوں کی بھوک ہڑتال

کراچی ــــــ ... جیل خانوں میں بند سیاسی لیڈر ... ۲۴ گھنٹوں کی بھوک ہڑتال کریں گے ...

تابش کی جیل میں بھوک ہڑتال

لاہور ــــــ ... بھوک ہڑتال ...

پشاور کارپوریشن توڑ دی گئی

پشاور ــــــ صوبہ سرحد کی حکومت نے پشاور میونسپل کارپوریشن کو توڑ دیا ہے ...

عیسیٰ خیل میں دو لاکھ افغان مہاجرین بسائے جائینگے

صوبہ سرحد میں ان کی تعداد گنجائش سے زیادہ ہوگئی تھی

اسلام آباد ــــــ افغان مہاجرین کے چیف کمشنر بریگیڈیئر سعید اظہر نے ... بتایا ہے کہ پاکستان میں مقیم افغان مہاجرین پر ... دس لاکھ ڈالر کی رقم خرچ کی جاتی ہے ... پاکستان بیس لاکھ افغان مہاجرین کا بوجھ اٹھا رہا ہے ... میانوالی کے علاقہ عیسیٰ خیل میں دو لاکھ افغان مہاجرین کو آباد کیا جائے گا کیونکہ صوبہ سرحد میں ان کی تعداد گنجائش سے زیادہ ہوگئی تھی ...

بیروزگار جماعت اسلامی سے اتحاد کرنا چاہتے ہیں جو ہمیں منظور نہیں، مولانا نورانی

جماعت اسلامی نے بلدیاتی اداروں، مساجد اور زکوٰۃ و عشر کمیٹیوں پر قبضہ کر لیا ہے

کراچی ــــــ ... جمعیت علمائے پاکستان کے سربراہ ...